سوال

(98)روزہ اور بیوی کے حقوق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روزہ کی حالت میں اپنی بیوی کے ساتھ سونے، بوسہ لینے وغیرہ کا کیا حکم ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ کی حالت میں بیوی کے جسم سے جسم ملانا یا بوسہ لینا جائز ہے البتہ جماع کرنا حرام ہے۔ اس لئے اگر کسی کو خطرہ ہو کہ وہ اپنے آپ کو قابو نہیں رکھ سکتا تو بوسہ وغیرہ سے بچے۔ صحیح بخاری و صحیح مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنھا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کی حالت میں اپنی بیویوں کے جسم سے جسم ملالیتے اور بوسہ لے لیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم تم سب سے زیادہ اپنی حاجت پر قابو رکھنے والے تھے۔ (مشکوۃ باب تنزیہ الصوم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

آپ کے مسائل اور ان کا حل

ج1

محدث فتویٰ